Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

# Contemporary Relevance and Methodological Harmony between Hanafi Legal Theory and Hadith Principles: An Analytical Study

معاصر علمی تناظر میں اصولِ فقہِ حنفی اور اصولِ حدیث کی تطبیقِ ہم آہنگی: ایک تحقیقی وتنقیدی مطالعہ

**Muhammad Azeem**
PhD Research Scholar, Department of Islamic Studies, University of Gujrat

**Dr. Shoaib Arif**
Lecturer, Department of Islamic Studies, University of Gujrat
**Email:** rizvi.azimfpr@gmail.com

## Abstract

This research article presents an analytical and critical study of the methodological harmony, contemporary relevance, and applied relationship between Hanafi Legal Theory (Usul al-Fiqh al-Ḥanafi) and the principles of Hadith (Usul al-Hadith). In contemporary academic discourse, it is often claimed that a fundamental methodological conflict exists between the Hanafi jurists and the Hadith scholars, resulting in allegations that the Hanafis preferred analogy (qiyas) or juristic reasoning over Prophetic traditions. This study critically examines such assumptions and demonstrates that the foundational discussions of Hanafi legal theory are, in reality, a juristic and applied extension of Hadith principles themselves.

The article analytically examines major Hanafi legal-theoretical works including Usul al-Sarakhsi, Usul al-Bazdawi, Kashf al-Asrar, Al-Fuṣool fil-Uṣul, Mezan ul-Uṣul, and Al-Talweeh Wa al-Tawdeeh, while also engaging with classical and contemporary Hadith methodological sources such as ʿUloom ul-Hadith, Al-Kifayah, Sharḥ al-Tirmidhi, and Fatḥ al-Mughith. Particular attention has been given to the principles of khabar ul-Wahid, communal practice (ta'amul ul-ummah), conflict of narrations, legal preference (Tarjeeḥ), narration by meaning (Riwayat Bil Ma'ana), juristic competence of narrators, and ziyadat ul-thiqqah within the framework of modern Hadith studies.

The study concludes that the differences between Hanafi jurists and Hadith. Scholars are not foundational but rather terminological, methodological, and interpretive in nature. Furthermore, several contemporary trends in Hadith studies—such as contextual interpretation, maqaṣid-based analysis, and holistic methodology show remarkable affinity with classical Hanafi Legal Theory.

**Keywords:** Hanafi Legal Theory, Principles of Hadith, Khabar al-Waḥid, Ta'amul ul-Ummah, Legal Preference, Contemporary Hadith Methodology.

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

## تمہید

اسلامی علمی روایت میں اصولِ فقہ اور اصولِ حدیث کو بنیادی اور مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ انہی دو علوم کے ذریعے نصوصِ شرعیہ کے فہم، استنباطِ احکام اور عملی تطبیق کی راہیں متعین ہوتی ہیں۔ تاہم تاریخِ علم میں بعض ادوار ایسے بھی گزرے جن میں ایک مخصوص طبقے کی طرف سے فقہ اور حدیث کو ایک دوسرے کے مقابل علوم کے طور پر پیش کیا گیا، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اگر فقہاءِ احناف اور محدثین کے مناہج کا گہرائی کے ساتھ مطالعہ کیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ دونوں کی علمی بنیادیں ایک ہی سرچشمۂ وحی سے وابستہ ہیں اور دونوں کے اصولی اہداف بھی مشترک ہیں۔

بدقسمتی سے عصرِ حاضر میں بعض غیر مُتوازن علمی رجحانات نے فقہِ حنفی کے بارے میں یہ تاثر پیدا کیا کہ احناف حدیث کے مقابلے میں قیاس، استحسان یا رائے کو ترجیح دیتے ہیں۔ حالانکہ فقہاءِ احناف کے اصولی ذخیرے کا مطالعہ اس دعویٰ کی مکمل طور پر نفی کرتا ہے۔ ان کے ہاں خبرِ واحد، ترجیح، تعارض، ناسخ و منسوخ، عملِ صحابہ، تلقی بالقبول اور فقاہتِ راوی جیسے اصول دراصل اصولِ حدیث ہی کے بنیادی مباحث ہیں۔ فرق صرف تعبیر، ترتیب اور منہجی اسلوب کا ہے۔

یہ مقالہ اسی علمی خلا کو پُر کرنے کی ایک کوشش ہے، جس میں اصولِ فقہِ حنفی اور اصولِ حدیث کے مابین موجود تطبیقی ہم آہنگی کو معاصر علمی تناظر میں واضح کیا گیا ہے۔

## سابقہ علمی کام کا جائزہ (Literature Review)

اصولِ فقہ اور اصولِ حدیث کے تعلق پر متعدد علمی کاوشیں سامنے آچکی ہیں، تاہم ان میں اکثر یا تو خالص اصولِ حدیث پر مرکوز ہیں یا فقہی مباحث تک محدود۔ معاصر دور میں ڈاکٹر وہبہ الزحیلی، ڈاکٹر نور الدین عتر، ڈاکٹر یوسف القرضاوی اور ڈاکٹر مصطفی سباعی نے اصولِ حدیث اور فقہی مناہج کے درمیان تطبیقی ربط کو اجاگر کیا، لیکن فقہاءِ احناف کی اصولی کتب سے اصولِ حدیث کے استخراج پر مستقل اور جامع کام نسبتاً کم دکھائی دیتا ہے۔

امام سرخسیؒ، امام بزدویؒ، امام جصاصؒ، صدر الشریعہؒ اور علاء الدین سمرقندیؒ کی اصولی تصانیف میں اصولِ حدیث کے متعدد مباحث منتشر صورت میں موجود ہیں، مگر ان کی جدید علمی تشکیل اور معاصر تطبیقی تحلیل پر بہت کم توجہ دی گئی ہے۔ یہی اس مقالے کا امتیازی پہلو ہے کہ اس میں فقہاءِ احناف کے اصولی ذخیرے کو اصولِ حدیث کے زاویے سے منظم انداز میں پیش کیا گیا ہے۔


OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

## منہجِ تحقیق

اس تحقیق میں درج ذیل مناہج اختیار کیے گئے:

i. **استقرائی منہج:** اصولِ فقہِ حنفی کی بنیادی کتب سے اصولِ حدیث کے مباحث کا استخراج۔
ii. **تحلیلی منہج:** اصولی مباحث کی علمی توضیح اور تنقیدی تحلیل۔
iii. **تقابلی منہج:** فقہاءِ احناف اور محدثین کے مناہج کا باہمی موازنہ۔
iv. **تطبیقی منہج:** کلاسیکی اصولوں کو معاصر حدیثی رجحانات پر منطبق کرنا۔

## اصولِ فقہِ حنفی اور اصولِ حدیث: منہجی وحدت

شمسُ الآئمہ امام سرخسیؒ فرماتے ہیں:

**"الأصول انما تُعرف بها الاحکام من الادلة۔"[1]**

**"یعنی "اصول کے ذریعے دلائل سے احکام کو معلوم کیا جاتا ہے۔"**

یہ عبارت اس حقیقت کو واضح کرتی ہے کہ اصولِ فقہ کا بنیادی اور اصل مقصد نصوصِ شرعیہ سے احکام کا صحیح فہم ہے، جبکہ یہی اصولی مقصد علمِ حدیث میں بھی کارفرما ہے۔امام ابن الصلاحؒ نے اصولِ حدیث کو روایت کی صحت اور قبول ورد کے ضوابط سے تعبیر کیا ہے،[2] جو درحقیقت فقہاءِ احناف کے اصولی مباحث سے جدا نہیں۔

امام ابو بکر جصاصؒ فرماتے ہیں:

**"الاخبار إذا ثبتت وجب استعمالها والعمل بها۔"[3]**

**"جب اخبار ثابت ہو جائیں تو ان پر عمل واجب ہو جاتا ہے۔"**

یہی تصور محدثین کے ہاں بھی پایا جاتا ہے، جہاں حدیث کی صحت کے بعد اس کی حجیت کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

1 ۔السرخسی، شمس الآئمہ، محمد بن احمد، اصول السرخسی، دار المعرفۃ، بیروت، 1993ء، ج1، ص5۔
2 ۔ابن الصلاح، عثمان بن عبد الرحمن، علوم الحدیث، دار الفکر، بیروت، 1986ء، ص17۔
3 ۔الجصاص، احمد بن علی، الفصول فی الاصول، وزارۃ الاوقاف، کویت، 1994ء، ج3، ص82۔

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

## خبرِ واحداور معاصر حدیثی مباحث

خبرِ واحداسلامی اصولی مباحث کاایک اہم باب ہے۔فقہاءِاحناف خبرِ واحد کواصولاً توحُجت تسلیم کرتے ہیں،البتہ اس کے قبول کے لیے بعض اضافی قرائن کو بھی ملحوظ رکھتے ہیں۔چنانچہ امام بزدویؒ لکھتے ہیں:

"خبر الواحد حجة إذا لم يعارضه ما هو اقوى منه."[4]

**"خبرِ واحداس وقت حجت ہے جب اس کے مقابل کوئی قوی تر دلیل موجود نہ ہو۔چنانچہ احناف کے ہاں خبرِ واحد کے قبول میں درج ذیل امور اہم ہیں: تعاملِ امت،راوی کی فقاہت،قیاسِ جلی سے موافقت اور عمومِ بلویٰ سے عدمِ تعارض"**

معاصر حدیثی مطالعات میں بھی Contextual Interpretation اور Holistic Reading کے تحت حدیث کے عملی،تاریخی اور معاشرتی تناظر کو اہمیت دی جاتی ہے،جو دراصل فقہاءِاحناف کے منہج کے قریب ہے۔ڈاکٹر یوسف القرضاوی لکھتے ہیں:

"لا بد من فهم السنة في ضوء القرآن ومقاصد الشريعة وظروف الواقع."[5]

**یعنی "سنت کو قرآن،مقاصدِ شریعت اور حالاتِ واقعہ کی روشنی میں سمجھنا ضروری ہے۔" یہ اصول بعینہٖ منہجِ فقہاءِاحناف میں موجود ہے۔"**

## تعاملِ امت اور تلقی بالقبول

تعاملِ امت فقہاءِاحناف کے ہاں ایک قوی اصولی قرینہ ہے۔چنانچہ امام سرخسیؒ فرماتے ہیں:

"ما تلقته الأمة بالقبول فهو بمنزلة المتواتر۔"[6]

**"جسے امت قبول کرلے وہ متواتر کے درجے میں ہوتا ہے۔"**

"محدثین کے ہاں بھی "العمل علیہ" اور "تلقتہ الامۃ بالقبول" جیسی تعبیرات اسی تصور کی ترجمان ہیں۔امام نوویؒ متعدد احادیث کے تحت لکھتے ہیں: "وقد اجمع العلماء على العمل به۔"[7] یعنی "علماء کا اس پر عمل کرنے پر اجماع ہے۔"

4 ۔البزدوی، فخر الاسلام، علی بن محمد، اصول البزدوی، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 1997ء، ج2، ص45۔
5 ۔القرضاوی، یوسف، کیف نتعامل مع السنۃ النبویۃ، دار الشروق، قاہرہ، 2000ء، ص121۔
6 ۔السرخسی، اصول السرخسی، ج1، ص341۔


OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

معاصر Legal Hermeneutics میں Communal Authority اور Scholarly Continuity کے تصورات اسی اصول کے جدید علمی اظہار ہیں۔

## تعارضِ احادیث اور تطبیقی مناہج

فقہاءِ احناف اور محدثین دونوں کے نزدیک تعارضِ احادیث حقیقی نہیں بلکہ ظاہری ہوتا ہے۔اس کے حل کے لیے جمع، ترجیح اور نسخ کے اصول اختیار کیے جاتے ہیں۔امام طحاویؒ شرح معانی الآثار میں فرماتے ہیں:

"الجمع بين الآثار اولى من إطراح بعضها۔"[8]

"آثار کے درمیان جمع کرنا بعض کو چھوڑ دینے سے بہتر ہے۔"

معاصر اصولی مباحث میں Teconciliation Theory اور Contextual Harmonization کے تحت یہی منہج اختیار کیا جاتا ہے۔

## اصولِ ترجیح اور جدید علمی رجحانات

اگر دو روایات ہوں جن میں بظاہر اختلا پایا جاتا ہو تو ایسی صورت میں فقاہتِ راوی، ضبط اور اچھی شہرت کی بنا پر روایت کو ترجیح دی جاسکتی ہے۔جیسا کہ امام بزدویؒ فرماتے ہیں:

"يترجح أحد الخبرين بزيادة الفقه او الضبط او الشهرة۔"[9]

"دو خبروں میں سے ایک کو فقاہت، ضبط یا شہرت کی بنا پر ترجیح دی جاتی ہے۔"

معاصر اصولی فکر میں Textual Hierarchy، Coherence Theory اور Maqasid-Oriented Interpretation دراصل انہی کلاسیکی اصولوں کی جدید تعبیر ہیں۔

[7] ۔النووی، یحییٰ بن شرف، شرح صحیح مسلم، داراحیاء التراث العربی، بیروت، 2001ء، ج1، ص32۔

[8] ۔الطحاوی، احمد بن محمد، شرح معانی الآثار، عالم الکتب، بیروت، 1994ء، ج1، ص12۔

[9] ۔البزدوی، اصول البزدوی، ج3، ص114۔


OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

### راوی کی فقاہت اور فہمِ حدیث

فقہاءِ احناف کے نزدیک راوی کی فقاہت کو اہمیت دینا حدیث کے فہم کو مضبوط بنانا ہے، نہ کہ حدیث کو رد کرنا۔ امام عیسیٰ بن ابانؒ کے نزدیک فقیہ راوی کی روایت ترجیح کی مستحق ہوتی ہے، کیونکہ وہ روایت کے معانی اور دلالات کو بہتر انداز میں سمجھتا ہے۔ [10]

معاصر narrative criticism میں narrator competence اور interpretive awareness کی بحث اسی اصول سے ہم آہنگ ہے۔

### روایت بالمعنیٰ اور لسانی مباحث

اگر الفاظ کی دلالت موجود ہو تو ایک عالم کے لئے روایت بالمعنٰی کے جواز کی صورت نکلتی ہے چنانچہ امام نوویؒ فرماتے ہیں:

"تجوز الرواية بالمعنى للعالم بدلالات الألفاظ." [11]

**"الفاظ کے معانی اور دلالات سے واقف عالم کے لیے روایت بالمعنیٰ جائز ہے۔"**

جدید linguistic philosophy اور semantic analysis بھی اس امر کی تائید کرتے ہیں کہ اصل مقصود معانی کی حفاظت ہے، نہ کہ محض الفاظ کا ظاہری التزام۔

### زیادۃ الثقۃ اور جدید حدیثی نقد

اگر ثقہ راوی کی روایت اوثق کے مخالف نہ ہو تو وہ اصولیین کے نزدیک مقول ہوی ہے۔ چنانچہ امام ابن الصلاحؒ فرماتے ہیں:

"زيادة الثقة مقبولة إذا لم تقع منافية لرواية أوثق." [12]

**"ثقہ راوی کا اضافہ اس وقت مقبول ہے جب وہ زیادہ ثقہ راوی کی مخالفت نہ کرے۔"**

معاصر Isnad-cum-Matn analysis اور variant criticism اسی اصول کو جدید علمی اسلوب میں استعمال کرتے ہیں۔

[10] ۔الجصاص، الفصول فی الاصول، ج3، ص87۔

[11] ۔النووی، یحییٰ بن شرف، التقریب والتیسیر، دار الکتاب العربی، بیروت، 1985ء، ص48۔

[12] ۔ابن الصلاح، علوم الحدیث، ص102۔


OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

## معاصر علمی تناظر میں اصولِ فقہِ حنفی کی معنویت

معاصر اسلامی فکر میں جو رجحانات نمایاں ہیں، ان میں:

1. Contextual Interpretation
2. Maqasid Ul-Shari'ah
3. Interdisciplinary Methodology
4. Textual Criticism
5. Historical Analysis

خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ حیرت انگیز طور پر یہ تمام اصول فقہاءِ احناف کے منہج میں کسی نہ کسی صورت پہلے سے موجود ہیں۔ ڈاکٹر وہبہ الزحیلی لکھتے ہیں:

**"يمتاز الفقه الحنفي بالنظر المقاصدي والواقعي في فهم النصوص."** [13]

**"فقہ حنفی نصوص کے مقاصدی اور واقعیت پسندانہ فہم میں امتیاز رکھتی ہے۔"**

اسی طرح ڈاکٹر نورالدین عتر معاصر حدیثی تحقیق میں متن، سیاق اور فقہی فہم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں، [14] جو فقہاءِ احناف کے اصولی منہج سے گہری مطابقت رکھتا ہے

## نتائجِ تحقیق

اس تحقیقی مطالعے سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں:

- اصولِ فقہِ حنفی اور اصولِ حدیث کے درمیان بنیادی نوعیت کی ہم آہنگی موجود ہے۔
- فقہاءِ احناف کے اصولی مباحث دراصل اصولِ حدیث کا فقہی اور تطبیقی اظہار ہیں۔
- خبرِ واحد، تعاملِ امت، ترجیح، تعارض اور راوی کی فقاہت جیسے اصول دونوں علوم میں مشترک ہیں۔
- فقہاءِ احناف اور محدثین کے درمیان اختلافات زیادہ تر اصطلاحی اور اسلوبیاتی نوعیت کے ہیں۔
- معاصر اصولِ حدیث کے کئی رجحانات فقہاءِ احناف کے کلاسیکی اصولوں کی جدید تعبیر ہیں۔

13 ۔ الزحیلی، وہبہ، اصول الفقہ الإسلامی، دار الفکر، دمشق، 1986ء، ج 1، ص 73۔

14 ۔ عتر، نورالدین، منہج النقد فی علوم الحدیث، دار الفکر، دمشق، 1997ء، ص 211۔


OPEN ACCESS
CC BY

Al-Asr International Research Journal of Islamic Studies
Vol 5 Issue 2 (April-June) 2025
ISSN E: (2790-7694)
ISSN P: (2790-7686)
Published:
June 30, 2025

- فقہ حنفی پر حدیث سے اعراض کا الزام اصولی تحقیق کے معیار پر ثابت نہیں ہوتا۔
- معاصر علمی دنیا میں فقہ اور حدیث کے درمیان تطبیقی ہم آہنگی کو اجاگر کرنا ایک اہم علمی ضرورت ہے۔

## اختتامیہ

یہ مقالہ اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ اصولِ فقہِ حنفی اور اصولِ حدیث دو متقابل علوم نہیں بلکہ ایک ہی علمی روایت کے دو تکمیلی پہلو ہیں۔ فقہاءِ احناف اور محدثین دونوں کا مقصد نصوصِ شرعیہ کا صحیح فہم، ان کی حفاظت اور ان کا عملی نفاذ ہے۔ اگرچہ ان کے اسالیب اور تعبیرات میں فرق موجود ہے، لیکن ان کی اصولی بنیادیں ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہیں۔ معاصر علمی ماحول میں اس ہم آہنگی کو اجاگر کرنا نہ صرف علمی توازن کے لیے ضروری ہے بلکہ امتِ مسلمہ کی فقہی و حدیثی روایت کو صحیح تناظر میں سمجھنے کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ یہی اس تحقیق کا بنیادی علمی Contribution ہے۔

## مصادر و مراجع

1. ابن الصلاح، عثمان بن عبد الرحمن، علوم الحدیث، دار الفکر، بیروت، 1986ء۔
2. ابن رجب، عبد الرحمن بن احمد۔ شرح علل الترمذی، مکتبۃ الرشد، ریاض، 2001ء۔
3. البزدوی، فخر الاسلام، علی بن محمد۔ اصول البزدوی، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 1997ء۔
4. البخاری، عبد العزیز بن احمد، کشف الأسرار، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 2001ء۔
5. الجصاص، احمد بن علی، الفصول فی الاصول، وزارۃ الاوقاف، کویت، 1994ء۔
6. الخطیب البغدادی، احمد بن علی، الکفایۃ فی علم الروایۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 1988ء۔
7. السرخسی، شمس الآئمہ، محمد بن احمد، اصول السرخسی، دار المعرفۃ، بیروت، 1993ء۔
8. السمرقندی، علاء الدین، محمد بن احمد، میزان الاصول، مطابع معاصرۃ، قاہرہ، 1984ء۔
9. السخاوی، محمد بن عبد الرحمن۔ فتح المغیث۔ بیروت: دار الکتب العلمیۃ، 2003ء۔
10. الشاطبیّ، إبراهیم بن موسی۔ الموافقات۔ بیروت: دار المعرفۃ۔
11. الطحاوی، أحمد بن محمد۔ شرح معاني الآثار۔ بیروت: عالم الکتب، 1994ء۔
12. عتر، نور الدین۔ منهج النقد في علوم الحدیث۔ دمشق: دار الفکر، 1997ء۔
13. القرضاوی، یوسف۔ کیف نتعامل مع السنۃ النبویۃ۔ قاہرہ: دار الشروق، 2000ء۔
14. النووی، یحییٰ بن شرف۔ شرح صحیح مسلم۔ بیروت: دار إحیاء التراث العربي، 2001ء۔
15. النووی، یحییٰ بن شرف۔ التقریب والتیسیر۔ بیروت: دار الکتاب العربي، 1985ء۔
16. الزحیلي، وہبہ۔ أصول الفقہ الإسلامي۔ دمشق: دار الفکر، 1986ء۔


CC BY